ہدایات برائے برف کارخانہ

کارخانہ کا پنجاب فوڈ اتھارٹی سے لائسنس شدہ ہونا ضروری ہے۔

ہدایات برائے ملازمین:

1۔ تمام ملازمین کے میڈیکل فٹنس سرٹیفکس موقع پر موجود ہوں۔

2۔ ملازمین کے کپڑے صاف ستھرے، ناخن کٹے ہوئے اور کسی قسم کی جیولری، بینڈز نہ پہنے ہوں۔

3۔ ملازمین کے کپڑے بدلنے کے لئے الگ کمرہ ہو۔

4۔ کاریگر صاف ستھرے کپڑوں میں ہوں۔ جنکے سر ڈھانپے ہوں۔

5۔ ملازمین کے لیئے واش رومز استعمال کرنے کے بعد صابن سے ہاتھ دھونے کو یقینی بنایا جائے۔

ہدایات برائے صفائی:

1۔ فرش صاف، ہموار اور ہر قسم کی آلودگی سے پاک ہو اور کھڑا پانی موجود نہ ہو۔

2۔ پاؤں سے کھلنے اور بند ہونے والی ڈسٹ بینز (Dustbins) استعمال کریں۔

3۔ روشنی، ہوا اور نکاسیِ آب کی مکمل سہولت میسر ہو۔

4۔ کاریگروں کے لئے ہاتھ دھونے کی سہولت کا ہونا لازمی ہے۔

5۔ برف بنانے میں استعمال کیا جانے والا پانی فلٹر شدہ اور تمام قسم کی آلودگی سے پاک ہو۔

6۔ پانی کے ماہانہ مائیکرو اور کیمیکل ٹیسٹ ہونا ضروری ہیں۔ جن کا ریکارڈ موقع پر موجود ہو۔

7۔ فلٹریشن پلانٹ آلودگی سے پاک ہو اور یونٹ کی صفائی اور فلٹر کی تبدیلی کا ریکارڈ رجسٹر پر درج ہو جس کا موقع پر موجود ہونا لازمی ہے۔

8۔ برف بنانے والے سانچے صاف ستھری حالت میں ہوں۔

9۔ برف کے سانچے زنگ آلود نہ ہوں۔ اور انکی صفائی کا مناسب بندوبست ہو۔

10۔ برف بنانے والی جگہ میں خاص قسم کے ربڑ کے جوتے استعمال ہونے لازمی ہیں۔

11۔ برف دھونے کیلیئے استعمال ہونے والا پانی بھی فلٹر شدہ ہو۔ جس کو برف دھونے کے بعد ضائع کر دیں دوبارہ استعمال نہ کریں۔

12۔ صنعتی اور انسانی استعمال کیلیئے بنائی جانے والی برف کو علیحدہ رکھیں۔

13۔ برف بنانے اور محفوظ کرنے کیلیئے استعمال ھونے والی تمام اشیاء کو باقاعدگی سے صاف کریں۔

14۔ برف خانے میں کسی قسم کے حشرات نہ ہوں۔ اور مکھیوں کو داخل ہونے سے روکنے کے لئے مناسب انتظام ہو۔ (جالی، انسیکٹ کلرز اور روڈینٹ ٹریپ وغیرہ)

ہدایات برائے ٹرانسپورٹیشن:

برف منتقل کرنے والی گاڑیاں صاف اور حفظانِ صحت کے اصولوں کے مطابق ہوں۔